"اگر تم خدا کی نظر میں متقی ٹھہرو تو کوئی چیز تمہیں تباہ نہیں کر سکتی"

"یہ عہد کرو کہ ہم اسلام کے جھنڈے کو بلند رکھیں گے اور بزرگوں کی نیکیوں کو مٹنے نہ دینگے"

{ذیل میں محترم صاحبزادہ مرزا رفیع احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا وہ پیغام درج کیا جا رہا ہے جو آپ نے مجلس خدام الاحمدیہ راولپنڈی ڈویژن کے سالانہ اجتماع (منعقدہ ۶-۷-۸ ستمبر ۱۹۶۳ء بمقام جہلم) کے لئے ارسال فرمایا۔　(ادارہ)}

عزیزو اور پیارو! خدا آپ کے ساتھ ہو اور اس کی معیت و نصرت ہمیشہ آپ کے شامل رہے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کے اجتماع میں شرکت کیلئے حاضر نہیں ہو سکتا۔ یہ چند سطور آپ کو اس لئے لکھ رہا ہوں تاکہ آپ کو آپ کا مقام اور مقصد یاد دلاؤں۔ آپ خدا کے مامور کی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں اس لئے اگر آپ اپنا معاملہ اس کے ساتھ صاف رکھیں گے تو وہ کبھی آپ کو ضائع نہیں کریگا۔ یاد رکھیں کہ نامرادی اور ناکامی ہمارے لئے نہیں بلکہ ہمارے دشمنوں کے لئے ہے۔ یہ خدا کی تقدیر ہے جو کبھی بدل نہیں سکتی۔ اس کا وعدہ ہے انتم الاعلون ان کنتم صادقین۔ اگر تم صدق دروزی دکھاؤ گے اور خدا سے کئے ہوئے عہد نبھاتے رہو گے تو تم ہی غالب اور بامراد ہو گے۔

بے شک اس وقت ہمیں ایک بہت بڑا صدمہ پہنچا ہے اور ہمارے دل اندوہگیں ہیں لیکن خدا کے فضل سے مایوس ہونے کی کوئی وجہ نہیں کیونکہ ہمارا خدا زندہ اور ازلی ابدی خدا ہے۔ اس کے دامن سے وابستگان کبھی ضائع نہیں ہوتے۔ پس میں آپ سے کہتا ہوں کہ مایوسی کو کبھی اپنے پاس نہ آنے دیں اور ظلم کو کبھی اپنا شیوہ نہ بنائیں اور خدا کی رسی کو مضبوطی سے پکڑے رکھیں تو خیر ہی خیر ہے۔

۲ ستمبر کو جب حضرت میاں بشیر احمد صاحب رضی اللہ عنہ کی تشویشناک علالت کا سن کر میں لاہور کے لئے روانہ ہونے لگا تو اتفاقاً حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ایک کتاب کے ان الفاظ پر میری نظر پڑ گئی۔ فرماتے ہیں "اگر تم خدا کی نظر میں متقی ٹھہرو تو کوئی چیز تمہیں تباہ نہیں کر سکتی"۔ کتنے تسلی دینے والے اور کیسے ہمت بندھانے والے الفاظ ہیں۔ سو تقویٰ کی راہوں پر قدم مارو اور آج سے خدا کا نام لیکر یہ عہد کرو کہ ہم اسی کے فضل اور اسی کی توفیق سے ہمیشہ اسلام کے جھنڈے کو بلند رکھیں گے اور بزرگوں کی نیکیوں کو مٹنے نہیں دیں گے۔ خدا آپ کے ساتھ ہو۔

والسلام

آپ کا بھائی

مرزا رفیع احمد

(صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)